علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

عنوان: منتخب ایات الاحکام حدیث الاحکام (2964) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ تخصص شریعہ)

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہوبہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ نمبر1-4)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ مرتد اور رجعہ کے احکام و مسائل کی وضاحت کرتے ہوئے اسلامی معاشرے پر ان کے اثرات کا تجزیہ کریں۔ **(20)**

سوال نمبر2۔ زنا اور قذف کے قوانین کا جائزہ لیتے ہوئے عزت و عصمت کے تحفظ میں ان کے کردار کو واضح کریں۔ **(20)**

سوال نمبر3۔ شراب، قمار اور تعزیرات کے احکام کا بیان کرتے ہوئے معاشرتی برائیوں کے سدباب میں ان کی اہمیت کو پرکھیں۔ **(20)**

سوال نمبر4۔ قصاص، دیت اور عاقلہ کے نظام کو بیان کریں اور اسلامی نظامِ عدل میں ان کی افادیت کا جائزہ لیں۔ **(20)**

سوال نمبر5۔ حدود اور تعزیرات کے نظام کا تقابل کرتے ہوئے سزا اور اصلاح کے توازن کو واضح کریں۔ **(20)**

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ نمبر5-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ نکاح، مہر، طلاق، خلع، رجعی اور عدت کے مسائل کو بیان کریں اور خاندانی نظام میں ان کی اہمیت کو واضح کریں۔ **(20)**

سوال نمبر2۔ ایلاء، ظہار، لعان، نان و نفقہ، رضاعت اور حضانت کے احکام کا تجزیہ کریں اور معاشرتی اثرات کا جائزہ لیں۔ **(20)**

سوال نمبر3۔ نسب، حجب، اولیاء، سکنیٰ، یتیمین اور اوقاف کے مسائل کو بیان کریں اور فلاحی نظام میں ان کے کردار کو واضح کریں۔ **(20)**

سوال نمبر4۔ وراثت، وصیت، دین، منافع، ہبہ اور ابراء کے اصولوں کا جائزہ لیتے ہوئے اسلامی معاشی نظام کی خصوصیات کو بیان کریں۔ **(20)**

سوال نمبر5۔ قرض، سود، حلال و حرام کے اصولوں کا تنقیدی مطالعہ کریں اور اسلامی معاشی فکر کو واضح کریں۔ **(20)**